**09.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد

Music

........................................................................

☆ منی پور کے وزیر اعلیٰ این برین سنگھ نے اسمبلی اجلاس سے ایک دن پہلے استعفیٰ دے دیا ہے۔

☆ چھتیس گڑھ میں آج ایک تصادم میں 31 ماؤنواز ہلاک اور دو سکیورٹی اہلکار شہید ہوئے ہیں۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے اگلے سال 31 مارچ تک نکسل واد کو ختم کرنے کے عہد کو دوہرایا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کل 'پریکشا پے چرچا' پروگرام میں طلبا سے بات چیت کریں گے۔

☆ وزیر اعظم مودی کل پیرس کیلئے روانہ ہو رہے ہیں۔ منگل کو فرانس کے صدر امیونویل میخوں کے ساتھ AI ایکشن سمٹ کی مشترکہ صدارت کریں گے۔

☆ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے ایرو انڈیا کے پندرھویں ایڈیشن کے موقع پر بنگلورو میں ہندوستان ایروناٹکس لمیٹڈ کے پروڈکشن سہولیات کا دورہ کیا۔

☆ اسرائیلی فوج، غزہ کے نیت زَرِم کوریڈور سے پوری طرح واپس ہوگئی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، کپتان روہت شرما نے کٹک میں انگلینڈ کے خلاف سنچری بنائی ہے۔

........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### Manipur CM Resigns

منی پور کے وزیر اعلیٰ این برین سنگھ نے ریاست کے وزیر اعلیٰ کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ انھوں نے آج اپنا استعفیٰ راج بھون میں گورنر اجے کمار بھلّا کو پیش کیا۔

جناب برین سنگھ جو 2017 سے منی پور میں BJP کی سرکار چلا رہے تھے، ریاست میں جاری سیاسی پیشرفت کے درمیان عہدے سے دستبردار ہوگئے ہیں۔ ریاست میں مہینوں سے جاری غیر یقینی کی صورتحال اور پارٹی کی اندرونی سیاست کے بعد ان کا استعفیٰ سامنے آیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے..................

VC JJ Thokchom

ریاست میں BJP سرکار کی قیادت پر پارٹی میں اندرونی سیاست کئی دنوں سے چل رہی تھی۔ وزیر اعلیٰ این

برین سنگھ، BJP لوک سبھا MP اور شمال مشرق کے انچارج سمبت پاترا کے ساتھ آج سہ پہر دلّی سے امپھال پہنچے، جہاں انھوں نے پارٹی لیڈر اور مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے ساتھ ایک میٹنگ بھی کی تھی۔ امپھال پہنچنے کے فوراً بعد برین سنگھ نے امپھال میں وزیر اعلیٰ کے سکریٹیریٹ میں حکمراں پارٹی کے ممبرانِ اسمبلی کی ایک میٹنگ کی صدارت کی اور بعد میں گورنر اجے کمار بھلاّ سے مل کر انھیں اپنا استعفیٰ سونپا۔ اِسی دوران، منی پور قانون ساز اسمبلی کا ساتواں اجلاس کل سے شروع ہونے والا ہے۔

امپھال سے جے جے تھوک چوم کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## Chhattisgarh Encounter

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں آج 31 ماؤنواز حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں ہلاک ہوگئے۔ سبھی ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔ اِس جھڑپ میں سیکیورٹی کے دو اہلکار بھی شہید ہوئے ہیں، جبکہ دیگر دو زخمی ہوگئے، جنہیں بہتر علاج کیلئے بذریعے ہوائی جہاز رائے پور لے جایا گیا ہے۔ دونوں زخمی اہلکار خطرے سے باہر ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Vikalp Shukla

حفاظتی دستوں کو اطلاع ملی تھی کہ ماؤنوازوں کی ایک بڑی تعداد بیجاپور ضلعے کے نیشنل پارک کے گھنے جنگلوں میں موجود ہے۔ بیجاپور ضلعے کے پولیس سُپرنٹنڈینٹ ڈاکٹر جتیندر یادو نے بتایا کہ اِس خفیہ معلومات کی بنیاد پر ضلع کے ریزرو گارڈ، خصوصی ٹاسک فورس اور بستر فرنٹیئر کی مشترکہ ٹیم، تلاشی کی کارروائی کو انجام دینے کیلئے روانہ ہوئی۔ آج صبح سے ہی بھارتی دستوں اور ماؤنوازوں کے درمیان رُک رُک فائرنگ بھی ہوئی۔

بیجاپور سے وکلپ شکلا کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں حسین اختر

وزیر داخلہ امت شاہ نے دونوں شہید سیکیورٹی اہلکاروں کے کنبے کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب امت شاہ نے کہا کہ ملک اُن کی جرأت مندی کا احسان رہے گا۔ وزیر داخلہ نے اگلے سال 31 مارچ تک ملک سے نکسل واد کو جڑ سے ختم کرنے کے تئیں اپنے عہد کو دوہرایا۔x

## Priksha Pe Charcha

وزیر اعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے ڈی ڈی سمیت مختلف پلیٹ فارموں پر اپنے پروگرام 'پریکشا پے چرچا' کے آٹھویں ایڈیشن میں ملک بھر کے طلبا سے بات چیت کریں گے۔ وزیر اعظم، طلبا، والدین اور اساتذہ سے بات چیت کریں گے اور امتحان کی تیاری، ذہنی تناؤ سے نمٹنے اور شخصیت سازی پر اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

یہ پروگرام آکاشوانی، دور درشن، سویم، سویم پربھا، PMO کے یوٹیوب چینل اور تعلیم اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے سوشل میڈیا چینلوں پر نشر ہوگا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ تمام ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے 36 طلبا کا انتخاب کیا گیا ہے جو براہِ راست وزیر اعظم سے بات چیت کریں گے۔

VC Priya

پانچ کروڑ طلبا کی شرکت کے ساتھ اس سال کا پروگرام جن آندولن کے مانند ہے، جو تعلیم و تعلّم کی اجتماعی تقریب کی ترغیب دیتا ہے۔ اِس سال کے ''پریکشا پے چرچا'' میں 7 اپی سوڈ ہوں گے جن میں مختلف شعبوں کی مشہور شخصیتیں ایک ساتھ مل کر زندگی اور تعلیم کے ضروری پہلوؤں پر طلبا کی رہنمائی کریں گی۔ پچھلے سالوں میں پریکشا پے چرچا ایک ایسے موقعے کی طرح سامنے آیا ہے جس کا مقصد امتحان سے متعلق ذہنی تناؤ کو مثبت توانائی میں تبدیل کرنا ہے۔ حقیقی سوالوں کا جواب اور بہتر حل فراہم کرکے وزیر اعظم نریندر مودی نے پالیسی اور عمل کے درمیان کے خلا کو پُر کیا ہے اور طلبا کو تناؤ کے باوجود بہتر کرنے کیلئے خودمختار بنایا ہے۔

نئی دلّی سے پریا مونڈل کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

**PM AI Summit**

پیرس مصنوعی ذہانت AI حکمرانی کیلئے عالمی مرکز بننے جا رہا ہے کیونکہ دنیا کے رہنما، صنعتی سربراہان اور محققین 10 سے 11 فروری کو AI سے متعلق ایکشن سمٹ 2025 کیلئے شرکت کی غرض سے جمع ہو رہے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کل پیرس کیلئے روانہ ہوں گے، جہاں وہ فرانس کے صدر ایمنول میخواں کے ساتھ سربراہ کانفرنس کی مشترکہ صدارت کریں گے۔ اس کانفرنس کا مقصد عالمی AI پالیسیوں کو ایک نئی شکل دینا ہے اور اخلاقی ذمہ داری کے ساتھ ساتھ اختراع کو یقینی بنانا ہے۔

VC- Rajadurai

مصنوعی ذہانت سے متعلق اہم عالمی کانفرنس کیلئے پیرس کے Grand Palais میں تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ 100 سے زیادہ ملکوں کے نمائندوں کے ساتھ اعلیٰ محققین، کاروباری رہنما اور سول سوسائٹی کے ارکان، حکمرانی، معیشت اور بنیادی حقوق پر AI کے اثرات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔ برطانیہ اور جنوبی کوریا میں سابقہ AI سربراہ کانفرنسوں پر توجہ دیتے ہوئے اِس کانفرنس کا مقصد عالمی AI معیارات کو قائم کرنا ہے اور ذمہ دار AI کو فروغ دینا ہے۔ دنیا بھر میں بدلتی ہوئی AI صنعتوں کے ساتھ رہنما اخلاقی ذمہ داری کے ساتھ متوازن اختراع پر توجہ دیں گے۔ مشترکہ صدارت کی حیثیت سے بھارت، اخلاقی AI کے فروغ، رسائی اور اختراع پر زور دیتے ہوئے ایک کلیدی رول ادا کرے گا۔ توقع ہے کہ یہ سربراہ کانفرنس زیادہ جوابدہ اور سب کی شمولیت والے AI مستقبل کیلئے سنگ بنیاد رکھے گا۔

*پیرس سے راجہ دورئی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں حسین اختر*

وزیر اعظم marsille میں بھارت کا نیا قونصل جنرل کا افتتاح کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ اہم باہمی سطح کی بات چیت کریں گے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی طور پر بات کرتے ہوئے فرانس میں بھارت کے سفیر سنجیو کمار سِنگلا نے بتایا کہ بھارت کی اہم توجہ اس بات پر ہوگی کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ AI ایکشن سمٹ پر مخصوص لوگوں یا کچھ کمپنیوں کا غلبہ نہ رہے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ AI کو عالمی جنوب کی تشویشات سے نمٹتے ہوئے سب کی شمولیت والا، کھلا اور محفوظ اور قابل بھروسہ ہونا چاہیے اور ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ملکوں کے درمیان ایک ڈیجیٹل تقسیم کو روکنا چاہیے۔

2100- Sanjeev KR singla/ Amb...

بھارتی سفیر سنجیو کمار سِنگلا نے اِس بات کو مزید اجاگر کیا کہ 12 فروری کو Marseille میں بھارت کا نیا قونصل جنرل کا افتتاح، بھارت- مشرق وسطیٰ- یوروپ اقتصادی کوریڈور کے فریم ورک کے اندر ایک اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ نیا قونصل جنرل Marsille میں غیرمقیم بھارتیوں کیلئے قونصل سے متعلق خدمات میں اضافہ کرے گا اور خطے میں بھارت کی کلیدی موجودگی کو مستحکم کرے گا۔

فرانس میں اپنی مصروفیات کے بعد وزیر اعظم مودی دو روزہ ورکنگ دورے کیلئے 12 فروری کو امریکہ کا دورہ کریں گے اور اِس دورے کے دوران وہ تجارت، کلیدی تعاون اور ٹیکنالوجی سے متعلق شراکت داری پر توجہ دیں گے۔

## Atishi Resignation

دلّی کی وزیر اعلیٰ آتشی نے آج لیفٹیننٹ گورنر وی کے سکسینہ کو اپنا استعفیٰ پیش کر دیا ہے۔ اسمبلی چناؤ میں عام آدمی پارٹی کی ہار ایک دن بعد انہوں نے استعفیٰ دیا ہے۔ آتشی، جنھوں نے اپنی کالکاجی سیٹ برقرار رکھی ہے، نے آج صبح راج بھون میں لیفٹیننٹ گورنر کو اپنا استعفیٰ پیش کیا۔

اِس دوران دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر نے قومی راجدھانی دلّی کی ساتویں قانون ساز اسمبلی تحلیل کر دی ہے۔ توقع ہے کہ BJP آنے والے دنوں میں حکومت تشکیل دینے کا اپنا دعویٰ پیش کرے گی۔ پارٹی نے دلّی کے اپنے وزیر اعلیٰ کے امیدوار کے بارے میں خاموشی اختیار کر رکھی ہے، جبکہ نئے وزیر اعلیٰ کا فیصلہ کرنے کیلئے BJP کیمپ میں سرگرم سرگوشیاں جاری ہیں۔ سرگرم سیاسی سرگرمیوں کے دوران دلّی BJP کے لیڈر وریندر سچدیوا نے لیفٹیننٹ گورنر اور پارٹی کے MLAs کے ساتھ ایک میٹنگ کرنا چاہتے ہیں۔ x

## Mahakumbh

اب خبریں پریاگ راج کے مہاکنبھ سے ..................

Montage Opening

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، کل پریاگ راج میں مہاکنبھ جائیں گی۔ وہ گنگا، یمنا اور سرسوتی دریاؤں کے سنگم تریوینی سنگم میں پوتر ڈُبکی لگائیں گی۔ صدر جمہوریہ پریاگ راج میں اکشے وَٹ اور بڑے ہنومان مندر کا بھی دورہ کریں گی۔ محترمہ مرمو ڈیجیٹل مہاکنبھ تجربہ گاہ میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مہاکنبھ کا نظارہ کریں گی۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی اِس موقع پر موجود ہوں گے۔x

## Mahakumbh-1

گاندھی شلپ بازار مہاکنبھ میں توجہ کا ایک اہم مرکز بن گیا ہے، جہاں ملک بھر کے دستکار اپنے روایتی آرٹ اور دستکاری کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ ٹیکسٹائل کی وزارت نے اِس شلپ بازار کا اہتمام کیا ہے، جس میں 100 سے زیادہ دکانیں لگائی گئی ہیں۔

اِس بازار میں کپڑوں اور لکڑیوں کے سازوسامان کے ساتھ ساتھ دستکاری کے مختلف سامانوں کی نمائش کی گئی ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے پریاگ راج دستکاری کی اسسٹنٹ ڈائرکٹر تانیہ بنرجی نے کہا کہ کئی ریاستوں کے دستکار اِس بازار میں اپنی اپنی منفرد دستکاری کی نمائش کر رہے ہیں۔

S/B Tanya Banerjee

## Aero India Rajnath Singh

ایرو انڈیا کے پندرھویں ایڈیشن کے موقع پر وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ یہ تقریب، بھارت سرکار کے ایک مضبوط اور خودکفیل بھارت کے وژن کو آگے لے جانے کے ساتھ ساتھ سائنسی مزاج پیدا کرنے اور اختراع کی غرض سے ہمارے نوجوانوں کیلئے تحریک کا ایک ذریعہ ہوگا۔

بنگلورو میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے راجناتھ سنگھ نے کہا کہ ایرو انڈیا ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جس میں نئے بھارت کی قوت، لچک اور خودکفالت کی نمائش ہوگی۔

S/B Rajnath Missile Development

ایرو انڈیا 2025، کل سے شروع ہو رہا ہے۔ پہلا تین دن کاروبار کیلئے مختص ہے جبکہ 13 اور 14 فروری کو عام لوگ اس میں شرکت کرسکیں گے۔

یہ شو، غیرملکی اور بھارتی فرموں کے درمیان شراکت داری بڑھانے اور عالمی ویلیو چین میں نئے مواقع تلاش کرنے کا ایک اہم پلیٹ فارم ہے تاکہ مقامی کام کاج کو بہتر کیا جاسکے۔x

## Israel Military

اسرائیلی فوج وسطی غزہ میں Netzarim کوریڈور سے نکل گئی ہے۔ حماس سے اِس کی تصدیق کی ہے۔ اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کے سمجھوتے کے حصے کے طور پر اسرائیلی فوج وہاں سے نکل گئی ہے۔ فلسطینی پولیس نے اُس علاقے کا چارج سنبھال لیا ہے تاکہ فلسطینی لوگ آسانی سے آجاسکیں۔ جنگ کے ابتدائی مہینوں کے بعد سے اسرائیلی فوج نے چارمیل طویل اِس کوریڈور پر قبضہ کرلیا تھا، جس سے جنوب سے شمالی غزہ کٹ کر رہ گیا تھا۔ x

## Ashwini Vaishnav

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے آج کہا ہے کہ ریلوے میں 95 ہزار نئی بھرتیاں مکمل کرلی جائیں گی۔ بہار میں Bettiah جنکشن میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ یہ نئی بھرتیاں ملک میں حالیہ ایک اعشاریہ پانچ لاکھ ریلوے بھرتیوں کے علاوہ ہوں گی۔ جناب ویشنو نے کہا کہ نمو اور وندے بھارت ٹرینوں سے ملنے والے مثبت ردعمل کے ساتھ ریلوے نے اپنے کام کاج میں اضافہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ x

**Cricket**

کرکٹ میں، بھارت اور انگلینڈ کے درمیان تین میچوں کی سیریز کا دوسرا ایک روزہ میچ کٹک میں جاری ہے۔
آخری خبریں ملنے تک بھارت 41 اوور میں5 وکٹ پر 276 رن بنالئے تھے۔
کپتان روہت شرما نے شاندار سنچری بنائی ہے۔ انھوں نے 90 گیندوں میں 119 رن بنائے۔اس سے پہلے انگلینڈ نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت کے سامنے جیت کیلیئے 305 رن کا نشانہ رکھا ہے۔انگلینڈ کی پوری ٹیم 49 اعشاریہ پانچ اوور میں 304 رن بناکر آؤٹ ہوگئی تھی۔ بھارت ناگپور میں پہلے میچ میں جیت حاصل کرکے سیریز میں ایک-صفر سے آگے ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆